# ثقافت

۱۔ پاکستان کا قومی لباس کیا ہے؟

پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیض ہے۔

۲۔ پاکستان میں بولی جانے والی کوئی سی چھ زبانوں کے نام تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| پنجابی | سندھی | بلوچی |
| سرائیکی | پشتو | پوٹھواری |

۳۔ پاکستان کے صوبوں کے علاقائی تہواروں کے نام لکھیں۔

صوبہ پنجاب : میلا چراغاں، جشن بہاراں

صوبہ سندھ : جشن لاڑکانہ سندھ میلا

صوبہ بلوچستان : سبی میلا

خیبر پختونخواہ : کالام میلہ، شندور پولو

۴۔ پاکستان کی دستکاریاں کیوں مشہور ہیں؟

پاکستانی دستکاریاں ہماری ثقافت کی شناخت ہیں ہر علاقے کی دستکاری کا اعلی معیار اور منفرد انداز ہے خواتین عام طور پر دستکاریاں اپنے گھروں میں کرتی ہیں جس سے روزگار کے ساتھ ساتھ ہماری ثقافت کو فروغ ملتا ہے آزاد کشمیر کی شالیں اور کڑھائی والے کپڑے خوبصورتی کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ پنجاب میں کھڈی پر بننے والی اعلی معیار کی سوسی، کھیس کی دنیا بھر میں مانگ ہے۔

۵۔ گلگت بلتستان اور کشمیر میں لوگ کون سی زبان میں بولتے ہیں؟

گلگت بلتستان میں بلتی، شنا، بروشسکی اور وخی زبانیں بولی جاتی ہیں کشمیر میں کشمیری اور پہاڑی زبان بولی جاتی ہے۔

۶۔ چینی اور مٹی کے برتن بنانے کا مرکز کون سا شہر ہے؟

پنجاب کا شہر گجرات چینی اور مٹی کے برتن بنانے کا مرکز ہے۔